www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2009**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*1320427290*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصّے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصّے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے جواب اردو میں لکھیں۔

آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔

اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔

امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

SP (GB/TL) V02797/2
© UCLES 2009

UNIVERSITY of CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

## Section 1

## پہلا حصّہ

**1** Ghazlein

### ا۔ منتخب غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں

یا رب اس اختلاط کا انجام ہو بخیر
تھا اس کو ہم سے ربط مگر اس قدر کہاں

ہم جس پہ مر رہے ہیں وہ ہے بات ہی کچھ اور
عالم میں تجھ سے لاکھ سہی تو مگر کہاں

ہوتی نہیں قبول دعا ترکِ عشق کی
جی چاہتا نہ ہو تو زباں میں اثر کہاں

حالؔی نشاطِ نغمہ و مے ڈھونڈتے ہو اب
آئے ہو وقتِ صبح ، رہے رات بھر کہاں

**(i)** مندرجہ بالا غزل کے کون سے دو اشعار آپ کو زیادہ پسند ہیں اور کیوں؟

**(ii)** یہ کہنا کس حد تک درست ہے کہ حالؔی نے غزل کو حقیقت سے ہم آہنگ کیا پھر بھی غزل کی روایت سے دامن نہیں بچایا۔ مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ”غالبؔ کی شاعری کل بھی پُر اثر تھی، آج بھی ہے اور کل بھی رہے گی“۔ غالبؔ کے اشعار کی روشنی میں اس بارے میں تفصیل سے بحث کیجیے۔

[25]

www.PapaCambridge.com

**2** Nazmein

www.PapaCambridge.com

## ب نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

چند روز اور مری جان ! فقط چند ہی روز
ظلم کی چھاؤں میں دم لینے پہ مجبور ہیں ہم

اور کچھ دیر ستم سہ لیں ، تڑپ لیں ، رو لیں
اپنے اجداد کی میراث ہے معذور ہیں ہم

جسم پر قید ہے ، جذبات پہ زنجیریں ہیں
فکر محبوس ہے ، گفتار پہ تعزیریں ہیں
اپنی ہمت ہے کہ ہم پھر بھی جیئے جاتے ہیں
زندگی کیا کسی مفلس کی قبا ہے جس میں
ہر گھڑی درد کے پیوند لگے جاتے ہیں

لیکن اب ظلم کی میعاد کے دن تھوڑے ہیں
اک ذرا صبر ، کہ فریاد کے دن تھوڑے ہیں

**(i)** نظم ''چندروز اورمری جان'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا نظم کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے یہ بتائیے کہ یہ نظم فیضؔ کے اندازِ بیان کی کس حد تک نمائندگی کرتی ہے؟

یا

(ب) '' اگر ساحرؔ فلموں میں شاعری نہ کرتے تو شاید انہیں عوام میں اتنی مقبولیت حاصل نہیں ہوتی ''۔ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟

[25]

www.PapaCambridge.com

**Section 2**

دوسرا حصّہ

**3** Afsané

## ۳۔اردو کے تیرہ افسانے

(الف)

ننھی کی نانی کے ماں باپ کا نام تو اللہ جانے کیا تھا۔لوگوں نے کبھی انہیں اس نام سے یاد نہ کیا۔
جب چھوٹی سی گلیوں میں ناک سڑ سڑاتی پھرتی تھیں تو بفاطن کی لونڈیا کے نام سے پکاری گئیں۔
پھر کچھ دن ’’ بشیرے کی بہو‘‘ کہلائیں پھر ’’بسم اللہ کی ماں‘‘ کے لقب سے یاد کی جانے لگیں۔اور
جب بسم اللہ جاپے کے اندر ہی ننھی کو چھوڑ کر چل بسی تو وہ ’’ننھی کی نانی‘‘ کے نام سے آخری دم
تک پہچانی گئیں۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس سے افسانے کی ابتدا ہوتی ہے۔افسانے میں آنے والے واقعات کے حوالے سے نانی کے کردار پر تبصرہ کیجیے۔

(ii) اس افسانے میں عصمت چغتائی نے کس سماجی مسئلے کی طرف ہماری توجہ دلائی ہے؟

یا

(ب) آپ کے خیال میں ’’نظارہ درمیاں ہے‘‘ کے واقعات اور کردار حقیقت سے کس حد تک قریب ہیں؟

[25]

www.PapaCambridge.com

**4** Umrao Jan Ada, Mirza Mohammad Hadi Ruswa

## راؤجان ادا،مرزا رسوا

(الف) امراؤجان ادا کے مردانہ کرداروں کی اہمیت پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ''امراؤجان ادا میں لکھنوی تہذیب کے صرف منفی پہلو کو اجاگر کیا گیا ہے''۔آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟ [25]

**5** Aangan, Khadijah Mastoor

## ۵۔آنگن،خدیجہ مستور

(الف) '' آنگن کے مرکزی کردار عالیہ کا جھکاؤ کانگریس کی طرف نظر آتا ہے''۔بحث کیجیے۔

یا

(ب) ناول آنگن میں ایک مشترکہ خاندان کا حال بیان کیا گیا ہے۔کیا آج کے مشترکہ خاندان اس سے مختلف ہیں؟ [25]

**6** Anar Kali, Imtiaz Ali Taj

## ٦۔انارکلی،امتیاز علی تاج

(الف) ''انارکلی کے المناک انجام کا سبب سلیم کی بزدلی ہے''۔اس بارے میں اپنے تاثرات تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) ''ڈرامہ انارکلی ایک طرح سے معاشرے میں طبقاتی کشمکش کو بھی ظاہر کرتا ہے''۔بحث کیجیے۔ [25]

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of